مُسلمان بچّوں کے صُبح و شام

2

ناشتے سے سکُول تک

دار السلام
DARUSSALAM

مُسلمان بچّوں کے صُبح و شام



قرآن مجید کی تلاوت میں کتنا مزہ آ رہا ہے۔

آمنہ نے کہا۔

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے جو ہمارے پیارے نبی ﷺ پر نازل ہوئی۔ اس کی تلاوت سے دل کو سکون ملتا ہے۔

راشد نے جواب دیا۔

مُسلمان بچّوں کے صبح و شام



بچو!

قرآن مجید کی تلاوت کے بعد باغ کی سیر کے لیے چلتے ہیں۔

صبح کی سیر، صحت کے لیے بہت اچھی ہوتی ہے۔

ابّا جان نے کہا۔

ابّا جان، باغ میں کتنے رنگ برنگ پھول کھلے ہوئے ہیں۔ راشد نے کہا۔

اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتوں میں سے پھول بھی ایک نعمت ہیں۔

جس کا ہم سب کو شکر ادا کرنا چاہیے۔

ابّا جان نے جواب دیا۔

مُسلمان بچّوں کے صُبح و شام



راشد اور آمنہ

جلدی سے منہ ہاتھ دھو کر ناشتے کی میز پر آ جاؤ!

تمہارے ابّا جان انتظار کر رہے ہیں۔

امّی جان نے کہا۔

بچو! کھانا شروع کرنے سے پہلے کیا پڑھتے ہیں؟

ابّا جان نے پوچھا۔

بِسْمِ اللّٰہِ پڑھتے ہیں۔

راشد اور آمنہ نے ایک ساتھ جواب دیا۔

بِسْمِ اللّٰہِ فِیْ اَوَّلِہٖ وَاٰخِرِہٖ



اگر شروع میں بسم اللہ پڑھنا بھول جائیں تو پھر کیا کہنا چاہیے؟
امّی جان نے پوچھا۔

شروع میں بسم اللہ پڑھنا بھول جائیں تو یہ پڑھنا چاہیے۔
بِسْمِ اللّٰہِ فِیْ اَوَّلِہٖ وَاٰخِرِہٖ
آمنہ نے جواب دیا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَطْعَمَنِیْ هٰذَا وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ

راشد بیٹا!

کھانے سے فارغ ہوکر کیا پڑھتے ہیں؟ ابّا جان نے پوچھا۔

پیارے نبی ﷺ کی پیاری دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَطْعَمَنِیْ هٰذَا وَ رَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ پڑھتے ہیں

راشد نے جواب دیا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ هٰذَا وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ

بچو!

سکول کی گاڑی آنے والی ہے۔ جلدی سے سکول کے کپڑے پہن لو۔

کپڑے پہننے کی دعا تو آپ کو آتی ہے نا!

جی امی جان! اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ هٰذَا وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ

راشد نے بتایا۔

شاباش!

کپڑے پہننے کے بعد اپنے بیگ اچھی طرح دیکھ لو۔

کوئی چیز رہ نہ جائے۔

امّی جان نے کہا۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ

امّی جان
میری پنسل نہیں مل رہی۔ میں نے رات کو بیگ میں رکھی تھی۔
آمنہ نے پریشانی سے کہا۔

آمنہ بیٹی، جلدی نہ کرو۔ آرام سے تلاش کرو، اور
اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ بھی پڑھو۔ ان شاءاللہ پنسل مل جائے گی۔
امّی جان نے کہا۔

رَاجِعُوْنَ

حیرت ہے۔ میں نے سارا بیگ دیکھ لیا تھا۔ لیکن پنسل نہ ملی۔

جب اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھا تو الحمدللہ! پنسل فوراً مل گئی۔

آمنہ نے خوشی سے کہا۔

السلام علیکم
وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

ایک دن میری گیند لان کے پودوں میں گم ہوگئی تھی۔ میں نے بھی
یہ دعا پڑھی تو مجھے جلد ہی گیند مل گئی۔
راشد نے اتنا کہا تھا کہ گیٹ پر سکول کی گاڑی کے ہارن کی آواز سنائی دی۔
امّی جان، .....ابّا جان
السلام علیکم! آمنہ اور راشد نے ایک ساتھ کہا۔
وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ! امی اور ابو جان نے جواب میں کہا۔

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ
لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

آمنہ اور راشد نے گھر سے نکلتے ہوئے دعا پڑھی۔

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

اللہ کے نام کے ساتھ۔ میں نے اللہ پر بھروسہ کیا اور اللہ کی مدد کے بغیر کسی چیز سے بچنے کی طاقت ہے نہ کچھ کرنے کی۔

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا
هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ط
وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ

راشد گاڑی چلنے لگی ہے۔ سفر کی دعا تو پڑھ لو! آمنہ نے کہا۔

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ط

وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ

راشد نے آمنہ کے ساتھ مل کر سفر کی دعا پڑھی۔

اسمبلی سے کلاس روم تک .....
اگلے حصہ میں

مُسلمان بچّوں کے صُبح وشام کیسے ہونے چاہئیں.....

چھ حصّوں پر مشتمل خوبصورت سلسلہ











دارُالسّلام
کتاب وسُنّت کی اشاعت کا عالمی اِدارہ
ریاض • جدہ • شارجہ • لاهور
لندن • هیوسٹن • نیو یارك
DARUSSALAM